
لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ؕ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ؕ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ؕ لَا شَرِيْكَ لَكَ ؕ



(نوٹ) دائروں میں نمبرز آپ کی رہنمائی کر رہے ہیں آپ کہاں ہیں اور آب کیا کرنا ہے؟

1. حجرِ اسود سے اللہ اکبر کہتے ہوئے طواف شروع کریں۔ طواف کے دوران تیسرا کلمہ یا کوئی اور دعا پڑھیں۔
2. 8 ذوالحج کو طواف کے سات چکر لگا کر مقام ابراہیم کے نزدیک دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور آبِ زم زم پی کر منیٰ کو چلے جائیں۔
3. منیٰ میں پانچ نمازیں (ظہر تا فجر) مکمل کریں۔
4. 9 ذوالحج کو طلوعِ آفتاب کے بعد منیٰ سے عرفات کو جائیں۔
5. عرفات میں قیام کریں ہو سکے تو مسجد نمرہ میں خطبۂ حج سنیں اور (ظہر وعصر) اکٹھی پڑھیں۔
نوٹ اگر آپ اپنے خیموں میں ہیں تو پھر ظہر اور عصر اپنے اپنے وقت پر ادا کریں۔
6. غروبِ آفتاب کے بعد عرفات سے مزدلفہ کو روانگی کے دوران تلبیہ پڑھتے جائیں
7. مزدلفہ پہنچ کر نماز مغرب اور عشاء ملا کر ادا کریں۔ 70 کنکریاں اکٹھی کریں
8. 10 ذوالحج فجر کی نماز مزدلفہ میں ادا کریں۔ طلوع آفتاب کے بعد مزدلفہ سے منیٰ روانہ ہو جائیں۔
9. 10 ذوالحج منیٰ میں اپنے خیموں میں جا کر سامان رکھیں۔
10. تلبیہ پڑھتے ہوئے جمرات کی طرف جا کر صرف بڑے جمرہ کو اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے ہوئے 7 کنکریاں مار کر اب تلبیہ پڑھنا بند کر دیں۔
11. قُربانی کے لئے تشریف لے جائیں اور قربانی کریں۔
12. قُربانی 11، 12 ذوالحج کو بھی کی جائیگی۔
13. قُربانی کرنے کے بعد حلق کروائیں (بال کٹوائیں)۔
14. اُسترے سے حلق کرانا افضل ہے۔ قصر بھی کرا سکتے ہیں۔ عورتوں کو ایک انچ (تقریباً) بال کاٹنے چاہیں۔
15. حلق کے بعد اَب احرام کھول دیجئے۔
16. غسل کر کے اب ہر طرح کا لباس پہن سکتے ہیں۔
17. منیٰ میں 10، 11، 12 ذوالحج تک قیام کرنا ضروری ہے۔
18. منیٰ سے طواف زیارت کے لئے خانہ کعبہ چلے جائیں۔
19. طواف زیارت کے سات چکر لگائیں۔

- طواف زیارت حجرِ اسود سے شروع کریں۔
- طواف کے دوران تیسرا کلمہ یا کوئی بھی دُعا پڑھیں۔
- رُکنِ یمانی سے حجرِ اسود تک ہر چکر میں رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا۔الخ پڑھیں۔


طواف شروع کرنے سے پہلے دایاں کندھا ننگا کریں

20. طواف مکمل کرنے کے بعد مقامِ ابراہیم کے نزدیک دو رکعت نماز نفل ادا کریں یا جہاں جگہ ہو
21. زمزم پر جا کر خُوب سیر ہو کر پیئیں اور یہ دُعا پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا۔الخ
22. اَب سعی کے لِئے صفا پر چلے جائیں اور 3 تکبیریں کہتے ہُوئے یہ دعا پڑھیں ایک چکر صفا سے مروہ تک پھر مروہ سے صفا تک دُوسرا چکر مکمل ہو جائے گا۔
23. سعی مکمل کرنے کے بعد اب منیٰ میں جا کر ٹھہرنا ضروری ہے (مکّہ میں نہیں ٹھہر سکتے)۔
24. 11 ذوالحج منیٰ میں قیام کریں۔
25. زوال کے بعد تینوں جمرات کو سات سات کنکریاں ماریں۔
26. چھوٹے جمرہ کو سات کنکریاں مارنے کے بعد دُعا کریں پھر درمیانے کو سات کنکریاں مار کر دعا کریں آخر میں بڑے جمرہ کو سات کنکریاں ماریں۔
نوٹ اب دُعا نہیں کرنی۔
27. کنکریاں مار کر واپس اپنے خیموں میں چلے جائیں اور رات منیٰ ہی میں قیام کریں۔
28. 12 ذوالحج کو زوال آفتاب کے بعد کنکریاں مارنے کے لئے جائیں۔
29. تینوں جمرات کو اس ترتیب سے کنکریاں ماریں جس طرح 11 ذوالحج کو ماری تھیں۔
30. اب کنکریاں مار کر آپ مکہ کو چلے جائیں۔ اَب آپ کا حج مکمل ہوگیا۔ حج مُبارک
نوٹ: اگر آپ منیٰ کی حُدود سے سُورج غروب ہونے سے پہلے نہیں نِکل سکے تو پھر آپ کو رات منیٰ ہی میں ٹھہرنا لازمی ہو گا۔ اور 13 ذوالحج کو زوال کے بعد کنکریاں مار کر مکہ واپس آنا ہو گا۔
31. جب واپس اپنے ملک یا مدینہ کو جانا ہو تو پھر واپسی سے پہلے پھر طواف وداع کرنا ضروری ہے۔

مدینہ کو روانگی

1. ادب و آداب کے ساتھ درود شریف پڑھتے ہوئے مدینہ کا سفر کریں۔
2. مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے جانا چاہیئے۔
3. باب السلام سے مسجد میں داخل ہونا افضل ہے۔
4. دو رکعت نماز نفل تحیۃ المسجد ادا کریں۔
5. بڑے احترام کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مُبارک پر حاضری کیلئے جائیں
6. سب سے پہلے نبی پاک ﷺ کی خدمت میں درود و سلام پھر شیخین ابُوبکرؓ و عُمرؓ پر سلام بھیجیں۔

کل کنکریاں	جمرہ 3	جمرہ 2	جمرہ 1	تاریخ
7	7	×	×	10 ذوالحجہ
21	7	7	7	11 ذوالحجہ
21	7	7	7	12 ذوالحجہ



نوٹ: مسجد نمرہ کا کچھ حصہ میدان عرفات سے باہر ہے خاص خیال رکھیں۔
جمرات کو کنکریاں مارتے وقت اضافی اشیاء ہرگز ساتھ نہ لے جائیں۔

حجاجِ کرام سے دُعاؤں کی درخواست

اُمتِ مسلمہ کی بھلائی، سلامتی خوشحالی دین اسلام کی ترقی و کامیابی اور اس نقشۂ حج کے جملہ ناشرین اور معاونین کے لئے خصوصی دُعا فرمائیں۔

چھپوا کر تقسیم کرنے کیلئے رابطہ کریں: 0333-6268960

دعاؤں کے طالب
نصیر احمد قریشی، محمد واثق قریشی، محمد اویس قریشی
سارہ قریشی، طیبہ قریشی، دار رحمت چاہ فتح خان بہاول پور

حج کی دُعائیں

جب احرام باندھنے کا ارادہ کریں تو پہلے غسل کریں اور وضُو کرلینا بھی کافی ہے احرام باندھنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھیئے۔ پہلی رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ یَاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور دُوسری رکعت میں سُورۃ قُلْ ھُوَاللّٰہُ پڑھنا افضل ہے سلام پھیر کر سَر سے چادر اُتار دیں اور پھر یہ دُعا پڑھیں

حج کی نیّت اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اور تین دفعہ تلبیہ پڑھیں۔

تلبیہ لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ

مسجد حرام میں داخل ہونے کی دُعا بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

جب بیت اللہ پر نظر پڑے اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (3 مرتبہ پڑھے)

طواف شروع کرنے کی دُعا حجرِ اسود کی طرف مُنہ کرکے دونوں ہاتھ کانوں کے برابر اُٹھا کر یہ دُعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

طواف کی دُعا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (دوران طواف تیسرا کلمہ پڑھیئے)

رُکن یمانی سے حجرِ اسود تک کی دُعا رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

آبِ زمزم کی دُعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ

سعی کی دُعا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ

(جس کو دعائیں یاد نہ ہوں وہ اپنی زبان میں بھی دعا مانگ لیں)

مزید مَعلُومات کیلئے عُلماء کرام یا معلم سے رابطہ فرمائیں

تاریخ اشاعت: 1433ھ

معلوماتِ حج

قدم بہ قدم

1. **8 ذوالحج حج کا پہلا دن**
- حج کرنے کی نیت کریں
- نمازِ فجر کے بعد احرام باندھ لیں
- دو رکعت نماز نفل ادا کریں
- سات دفعہ کعبہ کے گرد چکر لگائیں
- ظہر سے پہلے منیٰ کیلئے روانہ ہوجائیں
- تلبیہ کثرت سے پڑھتے رہیں
- منیٰ میں ظہر، عصر، مغرب اور عشاء ادا کریں
- منیٰ میں تمام رات قیام کریں
- حج کا پہلا دن مکمل ہوگیا

2. **حج کا دوسرا دن ہے آپ منیٰ میں ہیں**
- فجر کی نماز کے بعد عرفات جائیں
- عرفات میں ظہر اور عصر ادا کریں
- سورج غروب ہونے تک عرفات میں قیام کریں
- عرفات میں مغرب ادا نہ کریں
- سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ جائیں
- مغرب اور عشاء ایک ساتھ ملا کر مزدلفہ میں ادا کریں
- ۴۹ کنکریاں اکٹھی کریں
- تمام رات مزدلفہ میں قیام کریں
- حج کا دوسرا دن مکمل ہوگیا

3. **حج کے تیسرے دن آپ مزدلفہ میں ہیں**
- سورج نکلنے کے بعد منیٰ جائیں
- جمرۃ العُقبیٰ پر کنکریں ماریں
- جانور کی قربانی کریں
- بال کٹوائیں
- احرام کھول دیں
- مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام میں جائیں
- طوافِ زیارت کریں
- دو رکعت نفل مقامِ ابراہیم کے قریب ادا کریں
- آبِ زمزم پیئیں
- صفا اور مروہ کے درمیان سعی کریں
- مکہ مکرمہ میں قیام نہ کریں واپس منیٰ جائیں
- حج کا تیسرا دن مکمل ہوگیا

4. **حج کا چوتھا دن ہے آپ منیٰ میں جائیں**
- زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں
- تینوں جمرات پر سات سات کنکریاں ماریں
- عبادت کیلئے منیٰ میں قیام کریں
- حج کا چوتھا دن مکمل ہوگیا

5. **حج کے پانچویں دن آپ منیٰ میں ہیں**
- زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں
- تینوں جمراتُ پر سات سات کنکریاں ماریں
- سورج غروب ہونے سے پہلے مکہ مکرمہ میں چلے جائیں
- الوداعی طواف کریں
- مکہ سے روانہ ہوجائیں
- حج مکمل ہوگیا ہے (حج مبارک ہو)

فرض — واجب — سنت

ضروری نوٹ اوپر دی گئی ہدایات آپ کی معلومات کیلئے ہیں۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں مطمئن نہ ہوں تو آپ کسی عالم دین سے پوچھیں اور اگر حج گائیڈ میں کوئی غلطی ہو تو ہمیں آگاہ فرمائیں۔


نوٹ: جب حرم شریف میں گم ہوجائیں تو جائے پیدائش پر اکٹھے ہوں

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ
لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ

حاجیوں کے لئے انمول تحفہ

نقشۂ حج

مختصر آسان



ملنے کے ایڈریس

مکتبۂ عائشہ
حق سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37360541-0300-9233714

MAKTABA AISHA
042-37360541
0300-9233714
حق سٹریٹ اردو بازار لاہور

چھپوا کر تقسیم کرنے کیلئے رابطہ کریں: 0333-6268960
0300-9233714